## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 27 جنوری کو سکھر میں ہونیوالے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں شہر بھر میں تیاریوں کا سلسلہ روز و شور سے جاری ہے

سکھر:۔۔۔۔24 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 27 جنوری کو ہونیوالے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں شہر بھر میں تیاروں کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں ایم کیوایم سکھر زونل آفس کے علاوہ مختلف شاہراؤں، چوراہوں، بڑی بڑی عمارتوں، جلسہ گاہ اور اس کے اطراف کی گلیوں کو مختلف بینروں، پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچموں، جھنڈیوں، برقی قمقموں کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب قدآور تصاویر کے ذریعے خوبصورت انداز میں سجایا گیا ہے۔اس سلسلے میں ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں سمیت ایم کیوایم سکھر زون، یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان میں زبردست جوش خروش پایا جارہا ہے اور وہ جلسہ گاہ کی تیاریوں میں دن رات مصروف عمل ہیں۔اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی وارا کین کمیٹی کے علاوہ سکھر زون کے انچارج قطب الدین وارا کین کمیٹی سکھر کے مختلف علاقوں اور مارکیٹوں کے دورے کررہے ہیں جہاں وہ عوام اور مختلف تاجر برادریوں سے ملاقاتیں کرکے انہیں 27 جنوری کو سکھر کے ریلوے گراؤنڈز در یلوے اسٹیشن سکھر میں ہونیوالے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں۔عوام ایم کیوایم کی جانب سے 27 جنوری کو ہونیوالے جلسہ عام کو سندھ میں ایک مثبت پیش رفت قرار دے رہے ہیں جو ملک میں جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے انتہائی اہم ثابت ہوگا۔

## سندھ کی مختلف سیاسی جماعتوں اور برادریوں کے رہنماؤں کی قربان علی چانڈیو کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت اور جلسہ میں شرکت کی یقین دہانی

## ایم کیوایم اصول پرست جماعت ہے جو ملک کے غریب ومظلوم عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد کررہی ہے،قربان علی چانڈیو

شکارپور:۔۔۔۔24 جنوری،2012ء

مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی قربان علی چانڈیو،عطر چانڈیو،غلام فرید چانڈیو،عمر عثمان، بہادر چانڈیو،صفیل چانڈیو،گل حسن بکرائی، چک حیدر اور جمالی گاؤں سے تعلق رکھنے والی اپنی برادریوں کے افراد کے ہمراہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم شمولیت کا اعلان کیا ہے اور ایم کیوایم کے زیر اہتمام 27 جنوری 2012ء کو سکھر کے ریلوے گراؤنڈز در یلوے اسٹیشن سکھر میں ہونیوالا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور وارا کین کمیٹی ،متحدہ سوشل فورم کے آغا شیر خان سے شکارپور یونٹ ہمایوں میں ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم شکارپور زون کے زونل انچارج آغا محسن وارا کین زونل کمیٹی کے علاوہ ہمایوں یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔قربان علی چانڈیو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں سے یکسر مختلف جماعت ہے جس نے ملک کی سیاست میں بلاتفریق رنگ ونسل اور زبان سے بالاتر ہوکر دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو متعارف کرایا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اصول پرست جماعت ہے جو اپنے اصولی مئوقف پر قائم رہتے ہوئے ملک کے غریب ومظلوموں کے حقوق عملی جدوجہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ آج میں اپنی برادریوں کے افراد کے ساتھ ایم کیوایم شامل ہوا ہوں تاکہ ہم ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو عام کرنے کیلئے اپنا کردارادا کرسکیں۔اس موقع پر نثار پنہور نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کے جذبات کو سراہاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے جو ملک میں مثبت تبدیلی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں کوشاں ہیں اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب آئے گا اور ملک کے غریب عوام کو ان کے بنیادی حقوق حاصل ہونگے۔بعدازاں نثار پنہور نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا ایم کیوایم میں خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔دریں اثناء ایم کیوایم ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور وارا کین کمیٹی ،متحدہ سوشل فورم کے آغا شیر خان نے شکارپور میں ہمایوں شریف پیر عبدالغفور ہمایونؒ کی درگاہ پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔علاوہ ازیں انہوں نے شکارپور سلطان کوٹ کی معزز شخصیت عاشق علی خان سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کے زیر اہتمام جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں شرکت کی دعوت دی۔اس موقع پر عاشق علی خان نے جلسہ عام میں اپنی شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## جناب الطاف حسین ہی اس ملک میں پرامن انقلاب لائینگے

## جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' سکھر کا نہیں بلکہ سندھ کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ عام ثابت ہوگا

## حق پرست ارکان اسمبلی محترمہ ناہید بیگم، ساجد احمد اور خالد بن ولایت کا

## سکھر کی یوسی A-8، یوسی 7 میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے اظہارِ خیال

سکھر:۔۔۔۔24، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 27 جنوری کو سکھر کے ریلوے گراؤنڈز دریلوے اسٹیشن میں ہونے والے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں کارکنان، عوام اور خصوصاً طلبہ و طالبات میں زبردست جوش و خروش پایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم سکھر شہر کے مختلف علاقوں میں عوامی رابطہ مہموں اور کارنر میٹنگوں کے اجتماعات سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایم کیوایم سکھر زون کے تحت یوسی A-8 میں خواتین کی کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم نے اظہارِ خیال کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم سکھر کی شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ ساجدہ بختیار واراکین کمیٹی کے علاوہ ماؤں، بہنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اسی طرح یوسی 7 عزیز آباد نزد کرن بیکری میں کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں علاقے کے معززین شخصیات سمیت بزرگوں اور نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، صوبائی وزیر خالد بن ولایت، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن آفتاب سومرو اور جوائنٹ زونل انچارج سکھر گلفام واراکین زونل کمیٹی بھی موجود تھی۔ کارنر میٹنگوں کے اجتماعات سے اظہار خیال کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 27 جنوری کو ہونے والے جلسے عام کے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سکھر کی عوام کو پکارا ہے اب سکھر کی عوام کا یہ فرض ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پکار پر لبیک کہیں اور 27 جنوری کو ہونے والا جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' سکھر کا نہیں بلکہ سندھ کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ عام ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 64 سالوں سے جاگیردار وڈیرے بڑے بڑے سرمایہ دار اس ملک پر غالب ہیں اور یہ لوگ پاکستان کی معصوم عوام کا پیسہ کھا رہے ہیں، عوام کو تعلیم سمیت تمام بنیادی سہولیات سے دور رکھا ہوا ہے اور اب عوام کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اور پرائے میں فرق سمجھیں ایسے افراد کو ووٹ دیں جو پاکستان اور پاکستانی عوام سے مخلص ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں انقلاب دستک دے رہا ہے اور انقلاب کی گونج اسی جگہ سنائی دیتی ہے جہاں عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو، مسائل ہوں، بیروزگاری بڑھ جائے، تعلیم کا نظام تباہ ہوجائے ایسے میں انقلاب آتا ہے اور پاکستان میں بھی ایسی ہی گونجیں سنائی دے رہی ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی اس ملک میں پرامن انقلاب لائینگے جس میں کوئی چھوٹا بڑا نہیں ہوگا غریب ومظلوم عوام کی دادرسی کی جائیگی، عوام کو بنیادی حقوق میسر ہونگیں، تعلیم کا نظام بہتر ہوگا، انصاف سب کے لئے برابر ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ سندھ کے عوام متحد ہوں یہی وجہ ہے کہ بعض سازشی عناصر اپنی سازشوں میں مصروف ہیں، ہمیں ان کی سازشوں کو سمجھنا ہوگا اور انہیں مسترد کرتے ہوئے 27 جنوری کو ہونے والا جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' میں بھرپور شرکت کر کے اسے کامیاب بنانا ہے اور سندھ دھرتی کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کو یہ باور کرانا ہے کہ سندھ دھرتی کی عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایک اور متحد ہیں۔

## ایم کیوایم کے تحت ہونے والے ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' جلسہ کی جگہ تبدیل کردی ہے اب یہ جلسہ سکھر کے ریلوے گراؤنڈ میں ہوگا

سکھر:۔۔۔۔24، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 27 رجنوری کو سکھر کے میونسپل گراؤنڈ میں ہونیوالا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی جگہ تبدیل کردی گئی ہے اب یہ جلسہ سکھر کے ریلوے گراؤنڈز دریلوے اسٹیشن میں مقررہ وقت پر منعقد ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## ایم کیوایم ابراہیم حیدری کے کارکن محمد نادر بلال خان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ الیاس گوٹھ کے کارکن محمد نادر بلال خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔24،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گجرانولہ زونل کمیٹی کے رکن محمد اختر سندھو کے بھائی محمد اطہر سندھو، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن محمد عامر خورشید کے والد خورشید عالم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اشفاق منگی، جاوید کاظمی اور شاکر علی کا جلسہ گاہ کا دورہ
## جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اور ذمہ داران وکارکنان سے ملاقات کی
## جلسہ کی تیاریوں میں رات دن مصروف رہنے پر انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

سکھر:۔۔۔24،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اشفاق منگی، جاوید کاظمی اور شاکر علی نے ایم کیوایم کے زیر اہتمام 27 جنوری، 2012ء کو سکھر کے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈز دایوب گیٹ میں ہونیوالے جلسے عام''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی تیاریوں کے سلسلے میں جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے جلسہ گاہ کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود ذمہ داران و کارکنان سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ایوب شیخ،صوبائی وزراء عادل صدیقی، زبیر احمد، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج قطب الدین واراکین کمیٹی بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے جلسہ کی تیاریوں میں رات دن مصروف رہنے پر ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر انہوں نے جلسہ عام کیلئے کئے جانیوالے انتظامات پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

## ایم کیوایم کے وفد کی کمشنر سکھر امان اللہ دھاریجو سے سرکٹ ہاؤس میں ملاقات
## ملاقات میں انتظامی وسیکورٹی،ٹریفک کی روانی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

سکھر:۔۔۔24جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے کمشنر سکھر امان اللہ دھاریجو سے سرکٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔وفد نے کمشنر سکھر سے ایم کیوایم کے زیر اہتمام 27 جنوری 2012ء کو ریلوے اسٹیشن گراؤنڈز دایوب گیٹ پر ہونے والے جلسہ عام''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے انعقاد کے سلسلے میں انتظامی وسیکورٹی،ٹریفک کی روانی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر کمشنر سکھر نے ایم کیوایم کے وفد کو جلسہ عام کے سلسلے میں کئے جانیوالے انتظامات پر اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔ایم کیوایم کے وفد نے جلسہ عام کے سلسلے میں انتظامات کے حوالے کمشنر سکھر کی جانب سے یقین دہانی کرانے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ایم کیوایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست رکن قومی اسمبلی ایوب شیخ،صوبائی وزراء عادل صدیقی اور زبیر احمد شامل تھے۔اس موقع پر ڈی آئی جی اسپیشل برانچ جاوید اودو، ڈی سی سکھر سمیر سید، ایس ایس پی اسپیشل برانچ ساقب اسماعیل میمن،ٹریفک سارجنٹ طاہر شیخ، میونسپل کمشنر طفیل سومرو اور ریلوے کے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

## بلوچستان کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت عبدالستار نوتیزئی نے ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

## جناب الطاف حسین بلاشبہ مظلوموں کے رہبرورہنماء ہیں ان کی قیادت میں ایم کیوایم کے پیغام کو بلوچستان میں عام کرونگا،عبدالستار نوتیزئی

## کوئٹہ زون آفس پر زونل انچارج پیر جان سالانی اور زونل کمیٹی کے اراکین سے اظہار خیال

کوئٹہ۔۔۔24،جنوری2012ء

بلوچستان کے ضلع چاغی سے تعلق رکھنے والی معروف سیاسی وسماجی شخصیت عبدالستار نوتیزئی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت ،فکروفلسفہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ملک خصوصاً بلوچستان کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں سے متاثر ہوکر اپنے ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں غیر مشروط طور پر شمولیت اختیار کرلی ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بدھ کے روز ایم کیوایم کوئٹہ زون آفس میں زونل انچارج پیر جان سالانی اور زونل کمیٹی کے دیگر اراکین سے گفتگو کے دوران کیا۔عبدالستار نوتیزئی نے گفتگو میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بلاشبہ مظلوموں کے رہبرورہنماء ہیں جنہوں نے بلوچستان کے مسائل اور جاری ناانصافیوں پر جس طرح آواز بلند کی اس پر وہ جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ممنون ہیں۔انہوں نے بلوچستان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کے کارکن کی حیثیت سے اپنا کردارادا کرنے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ تحریکی سرگرمیوں کو تہہ دل سے آگے بڑھائیں گے اور جناب الطاف حسین کا پیغام گھر گھر پھیلائیں گے۔اس موقع پر زونل انچارج پیر جان سالانی نے عبدالستار نوتیزئی کی ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا خیر مقدم کیا اورانہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور لوگ ایم کیوایم کی جدوجہد میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب ملک میں غریبوں کی حکمرانی ہوگی اور ملک سے ظلم وستم اور ناانصافیوں کا مکمل خاتمہ ہوگا۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ عوامی نمائندوں کو اسمبلیوں میں بھیجا

## جوایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے ہمیشہ حق کی راہ میں جدوجہد کرتے رہیں گے

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔24جنوری، 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 98فیصد مظلوم ومتوسط عوام کوان کے حقوق دلانے کے لئے دن رات انتھک محنت کی ہے اور انشاءاللہ منزل قریب ہے کہ جب ملک بھر میں عوام کی حکومت ہوگی۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ عوامی نمائندوں کو اسمبلیوں میں بھیجا کہ جن کا اسمبلیوں میں نہ کوئی عزیزورشتے دار تھا اور نہ وہ اسمبلیوں میں جانے کی مالی حیثیت رکھتے تھے اور عوام کے منتخب نمائندے ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے ہمیشہ حق کی راہ میں جدوجہد کرتے رہیں گے،ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی فہیم الطافی نے یونٹ شہدادکوٹ کے معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عاشق اسدی، زونل انچارج آصف علی سومرہ نے بھی خطاب کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سکھر کے جلسہ عام کے تحت یونٹ شہدادکوٹ میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی

## حق پرست امیدواران ملک بھر سے کامیاب ہوکر ملک وقوم کی خدمت کرینگے، ملک کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل کرینگے

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔24جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سکھر کے جلسہ عام کے تحت یونٹ شہدادکوٹ میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی، ریلی میں رکن صوبائی اسمبلی فہیم الطافی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عاشق اسدی، زونل انچارج آصف علی سومرو، جوائنٹ انچارج اقبال احمد جاگیرانی اور دیگر زمہ داران شامل تھے۔ ریلی میں سینکڑوں کی تعداد میں تحریکی ساتھیوں اور معززین نے شرکت کی، ریلی میں کارکنان نے ڈھول شہنائی پر رقص کیا، ریلی مختلف چوراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب تک پہنچی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اقبال محمد علی نے کہا کہ 27 جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام کو کامیاب بنانے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں عوام جلسہ میں شریک ہوں تاکہ وڈیروں، جاگیرداروں اور سرمایہ دارانہ نظام کے حامیوں کے لیے جو 64 سالوں سے عوام کا استحصال کررہے ہیں ان کے لیے یہ جلسہ تابوت میں آخری کیل ثابت ہو، ان ظالم وڈیروں اور جاگیرداروں نے ملک کو دونوں ہاتھوں سے جی بھر کے لوٹا ہے۔آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواران ملک بھر سے کامیاب ہوکر ملک وقوم کی خدمت کرینگے، ملک کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل کرینگے اور ملک وقوم کو خوشحالی اور خودمختاری کی جانب لیکر جائینگے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس۔سینیٹ الیکشن کیلئے تنظیم کے مختلف شعبوں کی جانب سے تجویز کئے گئے مختلف ناموں پرغور

## رابطہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں تجویز کردہ ناموں کوشارٹ لسٹ کیا جائے گا اورمزید غور کے بعد انہیں حتمی شکل دی جائے گی

کراچی۔۔۔ 24 جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کا اجلاس ہوا جس میں سینیٹ کے آئندہ الیکشن کے حوالے سےغوروخوص کیا گیا۔اجلاس کی صدارت پارٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستاراورانیس احمد قائم خانی نے کی۔اجلاس میں تنظیم کے مختلف شعبوں کی جانب سے تجویز کئے گئے مختلف ناموں پرغورکیا گیا۔دریں اثناءسینیٹ الیکشن کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی لندن کا بھی اجلاس ہوا جس میں امیدواروں کے ناموں پرغورکیا گیا۔رابطہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں تجویز کردہ ناموں کوشارٹ لسٹ کیا جائے گا اورمزید غور کے بعد انہیں حتمی شکل دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆